**28.04.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلیئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کیلیئے کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہے ہیں۔

☆ وزیراعظم نریندرمودی نے کانگریس پر ریزرویشن کے نام پر ووٹ بینک کی سیاست کرنے کا الزام لگایا ہے۔

☆ آسام میں سمندری طوفان ریمل کے سبب شدید بارش ہورہی ہے۔ میزورم میں Aizawal کے نزدیک Hlimen کے مقام پر مٹی کے تودے کھسکنے سے کم سے کم دس افراد ہلاک ہوگئے۔

☆ قومی جانچ ایجنسی NIA نے منظم طور پر انسانی اسمگلنگ اور سائبر دھوکہ دہی کے خلاف ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے پانچ افراد کو گرفتار کیا ہے۔

☆ اور ٹینس میں روہن بوپنّا اور یوکی بھامبری آج پیرس میں فرینچ اوپن مردوں کے ڈبلز مقابلے میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## CAMPAIGNING

سیاسی پارٹیوں نے لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کے لئے چناؤ مہم تیز کردی ہے۔ سیاسی جماعتوں کے چوٹی کے رہنما ووٹروں کو اپنے اپنے امیدواروں کے حق میں راغب کرنے کے لئے مختلف حلقوں کا دورہ کررہے ہیں اور انتخابی ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی نے

جھارکھنڈ میں دُمکا ائیرپورٹ گراؤنڈ میں ایک چناؤ جلسے سے خطاب کیا۔بی جے پی صدر جے پی نڈا کل دیوگھر میں تین چناؤ جلسوں سے خطاب کریں گے۔ جبکہ کانگریس کے اعلیٰ رہنما راہل گاندھی 30 مئی کو عام جلسوں سے خطاب کریں گے۔جھارکھنڈ کے سنتھال علاقے کے Godda، دمکا اور صاحب گنج پارلیمانی حلقوں میں ساتویں اور آخری مرحلے میں یکم جون کو پولنگ ہوگی۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ نے 2019لوک سبھا انتخابات میں صاحب گنج کی سیٹ پر جیت حاصل کی تھی۔ وزیراعظم آج مغربی بنگال میں Barasat اور جادھوپور لوک سبھا حلقے میں دو چناؤ ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جناب مودی آج شام کولکاتہ میں ایک روڈ شو کریں گے۔ اُن کا یہ روڈ شو شیام بازار فائیو پوائنٹ کراسنگ سے شروع ہوکر سوامی وویکانند کے آبائی مکان پر جاکر ختم ہوگا۔بہار میں NDA،عظیم اتحاد اور دیگر پارٹیوں کے رہنما اپنے اپنے امیدواروں کی جیت کو یقینی بنانے کیلئے کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہے ہیں۔ بی جے پی کے سینئر رہنما اور اترپردیش کے وزیراعلی یوگی آدتیہ ناتھ پٹنہ صاحب پارلیمانی حلقے کے فتوحہ اور پاٹلی پتر لوک سبھا حلقے کے دیگھا کے مقام پر ایک کے بعد ایک تین ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ وہ آرا لوک سبھا حلقے کے تحت برہارا کے مقام پر ایک چناؤ ریلی سے بھی خطاب کریں گے۔ جنتا دل یو کے صدر اور بہار کے وزیراعلی نتیش کمار آج نالندہ پارلیمانی حلقے میں Sarmera سے Nagarnausa تک ایک روڈ شو کریں گے۔ وہ نالندہ پارلیمانی حلقے میں استھاوا کے مقام پر ایک عوامی جلسہ کریں گے۔ RJD کے رہنما تیجسوی پرساد یادو بکسر، ساسارام، جہان آباد اور پاٹلی پتر پارلیمانی حلقوں میں کئی جلسوں سے خطاب کریں گے۔وکاس شیل انسان پارٹی کے سربراہ مکیش ساہنی بھی عظیم اتحاد کے امیدواروں کی حمایت میں ریلیاں کریں گے۔ اترپردیش میں وزیراعلی اور بی جے پی کے سینئر رہنما یوگی آدتیہ ناتھ گورکھپور اور مرزاپور میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ کانگریس رہنما راہل گاندھی اور سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو وارانسی کے موہن سرائے علاقے میں ایک انتخابی ریلی سے مشترکہ طورپر خطاب کریں گے۔ دونوں رہنما Bansgaon لوک سبھا حلقے میں پریورتن سنکلپ سبھا سے بھی مشترکہ طور پر خطاب کریں گے۔ X

## PM INTERVIEW

وزیر اعظم نریندر مودی نے کانگریس پر ریزرویشن کے نام پر ووٹ بینک کی سیاست کرنے کا الزام لگایا ہے۔

ایک نیوز ایجنسی کے ساتھ انٹرویو کے دوران وزیر اعظم نے کہا کہ اپوزیشن کے ذریعہ ووٹ بینک کی سیاست کی خاطر بھارت کے آئین کی بنیادی روح کو پامال کیا جارہا ہے۔ جناب مودی نے کہاکہ وہ درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبائل اور دیگر پسماندہ طبقات کو آگاہ کرنا چاہتے ہیں کہ اپوزیشن انہیں محض دھوکہ دے رہی ہے۔ جناب مودی نے کہاکہ وہ مذکورہ طبقات کے لوگوں کے حقوق کا تحفظ کرنے کیلئے لڑیں گے۔ اپوزیشن کے اس الزام پر کہ ای ڈی، سی بی آئی اور انکم ٹیکس محکمے کا استعمال ان کے خلاف کیا جارہا ہے، وزیراعظم نے کہاکہ ان کی سرکار نے بدعنوانی کو بالکل

برداشت نہ کرنے کی پالیسی اپنا رکھی ہے۔لوک سبھا انتخابات کے دوران جموں وکشمیر میں بڑی تعداد میں لوگوں کے ووٹ ڈالنے سے متعلق سوال پر وزیراعظم نے کہاکہ اُن کے لئے یہ بیحد اطمینان کی بات ہے کہ کشمیر کے عوام جوش وخروش کے ساتھ ووٹ ڈالنے کیلئے آگے آئے۔ جناب مودی نے کہاکہ ووٹ ڈال کر انہوں نے دنیا کو اور ان لوگوں کو بھی جنہیں شک ہوا کرتا تھا، ایک پیغام دے دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب ایک عام آدمی ووٹ کرتا ہے تو یہ صرف کسی کو فتح سے ہمکنار کرنے کیلئے نہیں ہوتا ہے بلکہ اس کا مطلب ہوتا ہے کہ ووٹر بھارت کے آئین کوتسلیم کرتا ہے اور بھارت کے پورے جذبے کے تیئں اپنی رضامندی اورلگن کا اظہار کرتا ہے۔ x

## BIRLA 17TH LOK SABHA

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ سبکدوش ہونے والی سترہویں لوک سبھا کو کئی اہم قوانین کے لئے یاد رکھا جائے گا، جن میں خواتین کے لئے ریزرویشن بل، تین طلاق کا خاتمہ اور بھارتیہ نیائے Sanhita بل بھی شامل ہے۔ انھوں نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایک خاص انٹرویو میں یہ بات کہی۔ جناب برلا نے کہا کہ اُن کے پانچ سالہ عہدہ صدارت میں منظور کئے گئے یہ قانون ملک کو آگے لے جائیں گے اور مثبت تبدیلیاں آئیں گی۔ لوک سبھا کے اسپیکر نے کہا کہ 17ویں لوک سبھا میں بحث و مباحثہ 2047 تک ملک کو وِکست بھارت بنانے کے لئے منصوبہ عمل کے طور پر کام کرے گا۔ انھوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں لوک سبھا کے نئے منتخبہ ممبروں کے خیرمقدم کیلئے خصوصی انتظامات کئے جارہے ہیں۔ x

## ASSAM REMAL

سمندری طوفان Remal کے سبب آسام میں شدید بارش اور تیز ہوائیں چل رہی ہیں۔ ریاست کے متعدد ضلعے ہائی الرٹ پر ہیں۔ Chirang، گول پارہ، بکسا، دیماہساؤ، Cachar ، ہیلاکانڈی، کریم گنج ضلعوں میں ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ Dhubri، جنوبی سالمارا، بونگی گاؤں، بجالی، تمول پور، بارپیٹا، نالباڑی، موری گاؤں، نگاؤں، ہوجائی اور مغربی Karbi Anglong ضلعوں میں اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ موسلادھار بارش اور تیز ہواؤں کے سبب گوہاٹی سمیت طوفان سے متاثرہ زیادہ تر ضلعوں میں کل شام سے بجلی کی سپلائی متاثر ہے۔ کئی ضلعوں کی انتظامیہ نے احتیاطی اقدامات کے طور پر آج اسکولوں کو بند رکھا ہے۔ شمال مشرقی فرنٹیئر ریلوے نے کئی ٹرینوں کو رد کردیا ہے۔ آسام کی قدرتی آفات سے نمٹنے والی ریاستی اتھارٹی ASDMA نے قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی ضلعی اتھارٹی کو حالات کا جائزہ لینے کی ہدایت دی ہے اور کہا ہے کہ ضرورت کے مطابق برہم پترا ندی

بالخصوص Dhubri ، گولپاڑہ، جنوبی سالمارہ۔Mankachar، بونگئی گاؤں اور بارپیٹا ضلعے کے علاوہ بارک وادی ضلعوں میں بارک اور Kusiara ندیوں میں کشتیاں چلائی جاسکتی ہیں۔ ریاستی حکومت نے سمندری طوفان Remal کے زیراثر شدید بارش اور تیز ہواؤں کے پیش نظر اپنے شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے وسیع انتظامات کئے ہیں۔

x

## MIZORAM LANDSLIDE

میزورم کے Hlimen میں آج صبح تودے گرنے کی وجہ سے کم از کم 10 افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ علاقہ Aizoul سے تقریباً چار کلومیٹر کی دوری پر ہے۔ ہلاک وہنے والوں کی ابھی شناخت نہیں ہوئی ہے۔ راحت اور بچاؤ کارروائی جارہی ہے۔مسلسل بارش کی وجہ سے میزورم میں معمولات زندگی بے حر متاثر ہے۔ متعدد مقامات پر تودے گرنے اور درختوں کے ٹوٹ کر گرنے سے سڑکیں بند ہیں۔ راجدھانی آئزول میں دکانیں بند ہیں اور سڑکوں پر عوامی نقل وحمل کی آمد و رفت بھی نہ کے برابر ہے۔ تاہم وزیراعلیٰ Lalduhoma نے ریاست میں اس صورتحال سے نمٹنے کے لئے 15 کروڑ روپے کے راحتی فنڈ کا اعلان کیا ہے۔حکومت نے ریاست کے تمام سرکاری دفاتر اور اسکولوں کو بند رکھنے کا اعلان کیا ہے۔x

## WB REMAL

مغربی بنگال میں سمندری طوفان Remal سے وابستہ واقعات میں چھ افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ شمالی اور جنوبی 24 پرگنہ ضلعوں، کولکاتہ اور ملحقہ ضلعوں میں بارش اور جھکّر دار ہوائیں تھم گئی ہیں۔ سمندری طوفان کے اثر سے جنوبی اور شمالی 24 پرگنہ ضلعوں کے ساحلی علاقوں میں بڑے پیمانے پر پانی بھرا ہوا ہے۔ ساحلی علاقوں میں سمندر کا پانی کھیتوں اور فشریز میں داخل ہوچکا ہے۔ سرکاری پناہ گاہوں سے اپنے گھروں میں لوگوں کی واپسی شروع ہوچکی ہے۔ لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے کولکاتہ، شمالی اور جنوبی 24 پرگنہ ضلعوں میں انتخابی مہم کی سرگرمیاں دوبارہ شروع ہوگئی ہیں۔ اس مرحلے کے تحت ریاست کے تین پارلیمانی حلقوں میں پہلی جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ x

## IMD WEATHER

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کی وجہ سے شمال مغربی اور وسطی بھارت کو اگلے 3 دن کے دوران گرمی سے راحت ملے گی۔ IMD کے ڈائرکٹر جنرل Mrutyunjay

Mohapatra نے کہا ہے کہ موسم میں اس تبدیلی کی وجہ سے شمال مغربی بھارت میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹیں پڑنے کا امکان ہے اور مغربی ہمالیائی خطے میں بارش ہوسکتی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے پانچ روز کے دوران کیرالہ اور شمال مشرقی ریاستوں میں مانسون کیلئے حالات سازگار ہیں۔ مانسون پہلے ہی جنوب، مشرق، مغربی وسطی اور شمال مشرقی خلیج بنگال کے ساتھ ساتھ بحرِ عرب کے کچھ حصوں کی طرف بڑھ چکا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اِس سال مانسون سیزن کے دوران ملک بھر میں معمول سے زیادہ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

## AYUSH PRAGATI

آیوش کی وزارت کے سکریٹری جناب راجیش کوٹیچا نے آیوش کے شعبہ میں زیادہ تحقیق کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس سالوں میں وزارت کی جانب سے تحقیق پر مبنی بہت سے کام کئے گئے ہیں۔ جناب کوٹیچا آج نئی دلی میں Pharma Research in AyurGyan and Techno Innovation PRAGATI-2024سے خطاب کرنے کے بعد میڈیا سے بات چیت کررہے تھے۔ یہ پروگرام Central Council for Research in Ayurvedic Sciences (CCRAS) کی جانب سے منعقد کیا گیا تھا، جو آیوش کی وزارت کے تحت تحقیقی کام انجام دینے والا ایک ادارہ ہے۔ جناب کوٹیچا نے مزید کہا کہ اس شعبہ میں عالمی معیارات کو حاصل کرنے کیلئے تمام شراکت داروں کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ وزارت ملک میں روایتی ادویات کے شعبہ کو بہتر بنانے کی سمت میں بھی کام کررہی ہے۔ X

## DELHI FLIGHT

Indigo ائیر لائنز کی وارانسی جانے والی پرواز میں بم ہونے کی ایک دھمکی کی خبر ملنے کے بعد مسافروں کو دلی ہوائی اڈے پر پرواز کے ایمرجنسی دروازے سے صحیح سلامت نکال لیا گیا۔ ایک بیان میں ائیر لائنز نے کہا ہے کہ دلی ہوائی اڈے پر اس پرواز میں ایک مخصوص بم ہونے کی خبر ملی تھی، جس کے بعد تمام ضروری ضابطوں پر عمل کیا گیا اور ہوائی اڈے کی سیکورٹی ایجنسیوں کے ذریعے ہوائی جہاز کو ایک دور دراز کے مقام پر لے جایا گیا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اِس وقت پرواز کا جائزہ لیا جارہا ہے اور تمام سیکورٹی جانچ کے بعد اُسے واپس ٹرمنل Aero میں پہنچا دیا جائے گا۔x

## NIA ARREST

قومی جانچ ایجنسی NIA نے بردہ فروشی اور سائبر دھوکہ دہی میں ملوث ایک منظّم گروہ کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے پانچ افراد کو حراست میں لیا ہے۔ ریاستی پولیس کے تعاون سے چھ ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے علاقوں میں اس سلسلے میں مشترکہ کارروائی کی گئی اور 15 مقامات کی تلاشی لی گئی۔ اس سلسلے میں وڈودرہ، گوپال گنج، جنوب مغربی دلی، گروگرام اور چنڈی گڑھ سے گرفتاریاں کی گئیں۔ جن افراد کو گرفتار کیا گیا ہے وہ ایک نیٹ ورک کا حصہ تھے، جو ہندوستانی نوجوانوں کو ملازمت کے جھوٹے وعدے کرکے اور انھیں سبز باغ دکھاکر بیرون ملک بھیجا کرتا تھا۔ متاثرہ افراد کو لاؤس اور کمبوڈیا جیسے شہروں میں فرضی کال سینٹروں میں غیرقانونی کام کرنے پر مجبور کیا جاتا تھا۔ مختلف ریاستوں میں آٹھ نئی FIR بھی درج کی گئی ہیں۔ x

## FRENCH OPEN

پیرس میں جاری فرینچ اوپن ٹینس میں مردوں کے ڈبلز کے پہلے دور میں بھارت کے روہن بوپنا اور یوکی بھامبری اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔ دوسرے درجے کے کھلاڑی بوپنا آسٹریلیا کے اپنے ساتھی کھلاڑی Matthew Ebden کے ساتھ فن لینڈ Emil Ruusuvori اور ہنگری کے Marton Fucsovis کا مقابلہ کریں گے۔ غیرمعروف کھلاڑی بھامبری اور فرانس کے Albano Olivetti روس کے Roman Safiullin اور آسٹریلیا کے John Peers کا سامنا کریں گے۔ x

## PM VEER SAVARKAR

وزیراعظم نریندر مودی نے مجاہد آزادی ویر ساورکر کو آج ان کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ ویر ساورکر نے اپنی زندگی مادر وطن کی خدمت کے لئے وقف کردی تھی اور وہ ہمیشہ ملک کے عوام کے لئے فیضان کا ذریعہ بنے رہیں گے۔x

## PM PAPUA NEW GINI

وزیراعظم نریندر مودی نے پپوا نیو گنی میں مٹی کے تودے گرنے سے ہونے والے جانی اور مالی نقصانات پر اپنے گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت کو متاثرہ کنبوں کے ساتھ دلی ہمدردی ہے اور وہ زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لئے دعا گو ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت ہر ممکن مدد دینے کو تیار ہے۔ x